| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی:1 |
| اُستاد کا نام:_____ | ہفتہ:4 | تاریخ:_____ | وقت:40منٹ |
| باب سوم: سیرتِ طیّبہ ﷺ | | سبق کا نام: شعبِ ابی طالب | |

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- شعبِ ابی طالب کا تعارف حاصل کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں مکّہ کے ارد گرد پہاڑ ہیں۔ عربی زبان میں دو پہاڑوں کے درمیان خالی جگہ کو شعب (گھاٹی) کہتے ہیں۔ عرب کے دستور کے مطابق یہ گھاٹیاں قبیلوں کی ملکیت ہوتی تھیں۔ ان ہی میں سے ایک گھاٹی حضرت ابو طالب کی ملکیت تھی جو شعبِ ابی طالب کے نام سے مشہور تھی۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۳۲ سے "شعبِ ابی طالب" کے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں حبشہ کے بادشاہ نجاشی نے مسلمانوں کو واپس مکہ بھیجنے سے انکار کر دیا اور کفار کا وفد ناکام لوٹا۔ ان حالات کو دیکھ کر کفار غصے سے آگ بگولا ہو گئے۔ نبوّت کے چھٹے دور میں مکّہ کی دو اہم شخصیات حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بھی اسلام قبول کر لیا۔ مکّہ میں مسلمانوں کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہو رہا تھا۔ چنانچہ نبوت کے ساتویں سال مکّہ کے تمام سردار ایک جگہ جمع ہوئے اور سب نے مل کر بنو ہاشم کے خلاف انتہائی ظالمانہ معاہدہ کیا کہ جب تک بنو ہاشم اور بنو مطلب (محمد خاتم النبیین ﷺ) کو ہمارے حوالے نہیں کرتے اس وقت تک:
  - کوئی شخص بنو ہاشم سے میل جول نہ رکھے گا۔

○ ان کے ساتھ کسی قسم کی خرید و فروخت نہیں کرے گا۔

○ کوئی شخص بنو ہاشم کے خاندان میں شادی بیاہ نہیں کرے گا۔

- طلبہ کو بتائیں اس عہد پر مکّہ کے چالیس سرداروں نے دستخط کیے اور اسے خانہ کعبہ کی دیوار پر لٹکا دیا۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| پیش کش | پیش۔ کش | ہدیہ۔ تحفہ |
| میل جول | میل جول | مِلنا جُلنا، اتحاد |
| صُلح | صُلح | دوستی |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا تصوّر مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (ا) کا سوال (ا) طلبہ سے پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو گھر میں دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ کو معاشرتی بائیکاٹ کا مطلب سمجھائیں۔

| سبقی منصوبہ بندی:2 | مضمون: اسلامیات | جماعت: چہارم | دوسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ: 4 | اُستاد کا نام:______ |

| سبق کا نام: شعبِ ابی طالب | باب سوم: سیرتِ طیّبہ ﷺ |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- شعبِ ابی طالب میں حضرت ابو طالب کے کردار سے آگاہ ہو سکیں۔
- شعبِ ابی طالب میں محصورین کی مشکلات سے آگاہ ہو سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کو لوگوں کو اسلام کی دعوت پیش کرتے ہوئے چھے سال گزر چکے تھے۔ اس عرصے میں آپ خاتم النبیین ﷺ اور آپ خاتم النبیین ﷺ کے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا مگر آپ خاتم النبیین ﷺ ثابتِ قدمی کے ساتھ دعوت کے کام کو آگے بڑھا رہے تھے اس صورتِ حال نے کفار کو مزید پریشان کر دیا اور انھوں نے انتہائی ظالمانہ معاہدہ کرنے کا فیصلہ کیا۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۳۲ سے متن "حضرت ابو طالب کا کردار" اور "شعبِ ابی طالب میں محصورین کی مشکلات" کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں معاہدے کے نتیجے میں حضرت ابو طالب نے اپنے سارے خاندان کو شعبِ ابی طالب میں جمع کر لیا۔ بنو مطلب نے بھی بنو ہاشم کا ساتھ دیا۔ ماسوائے ابو لہب اور اسکی بیوی کے، ہر شخص نے حضرت ابو طالب کی آواز پر لبیک کہا۔

- طلبہ کو محصورین کی مشکلات کے بارے میں بتائیں کہ اس بائیکاٹ کے نتیجے میں بنو ہاشم کو انتہائی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ مشرکین اُن تک کوئی چیز پہنچنے نہیں دیتے تھے۔ کھانے پینے کی کوئی چیز گھاٹی تک جانے نہیں دی جاتی تھی۔ کفّار نے تین سال تک مکمل بائیکاٹ کیے رکھا۔ مکّہ کے بعض لوگ اپنے عزیزوں کو تکلیف میں دیکھتے تھے تو چھپ کر اُن کے لیے کھانے پینے کا سامان بھیج دیتے تھے۔
- طلبہ کو بتائیں ہمارے پیارے نبی خاتم النبیین ﷺ نے ان سخت ترین حالات میں بھی تبلیغ اسلام کا کام جاری رکھا۔ آپ خاتم النبیین ﷺ حج پر آنے والے لوگوں سے ملتے اور اُنھیں اسلام کی دعوت دیتے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| بائیکاٹ کرنا | بائیکاٹ کرنا | تجارتی اور معاشرتی تعلقات ختم کرنا |
| پہرا لگانا | پہرا لگانا | حفاظت کرنا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (ا) کے سوالات کے جوابات طلبہ سے سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی دہرائی کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

سیرت کی کتابوں سے نبی کریم خاتم النبیین ﷺ کی دعوت و تبلیغ کے حوالے سے معلومات حاصل کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 4 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |
| باب سوم: سیرتِ طیّبہ ﷺ | | سبق کا نام: شعبِ ابی طالب | |

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- محصورین کے لیے اللہ تعالیٰ کی مدد سے آگاہ ہو سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ گزشتہ سبق سے متعلق طلبہ سے سوالات کریں۔

- شعبِ ابی طالب میں معاہدے کے اہم نکات بتائیں۔
- نبوت کے چھٹے سال کن مشہور افراد نے اسلام قبول کیا؟
- شعبِ ابی طالب سے کیا مراد ہے؟

طلبہ سے جوابات لیں اور درست جواب پر اُن کی حوصلہ افزائی کریں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۳۳ سے متن ”محصورین کے لیے اللہ تعالیٰ کی مدد“ کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں بائیکاٹ کے نتیجے میں بنو ہاشم کو سخت مشکلات و مصائب کا سامنا کرنا پڑا۔ حالات اس قدر خراب ہو گئے کہ بعض اوقات ان لوگوں کو درختوں کے پتے کھانے پڑے مگر ان حالات کا بنو ہاشم اور بنو مطلب نے ڈَٹ کر مقابلہ کیا۔
- طلبہ کو بتائیں یہ محاصرہ تین سال تک جاری رہا۔ ایک دن وحی کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے

حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کو اطلاع دی کہ قریش نے جو معاہدہ خانہ کعبہ میں لٹکایا ہے

اُسے دیمک نے چاٹ لیا ہے اور صرف اللہ تعالیٰ کا نام باقی بچا ہے۔ نبی کریم خاتم النبیین ﷺ نے یہ بات اپنے چچا کو بتائی۔ حضرت ابو طالب قریش کو یہ بات بتانے حرم میں تشریف لے گئے۔ دوسری طرف قریش کے چند نرم دل اور انصاف پسند لوگ معاہدے کو ختم کروانے کی کوشش کر رہے تھے۔ چنانچہ حضرت ابو طالب نے کہا کہ اگر میرے بھتیجے کی بات سچ نہ ہو تو میں اُسے تمھارے حوالے کر دوں گا۔

- طلبہ کو بتائیں کہ جب تحریر منگوا کر دیکھی گئی تو رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی بات سچ ثابت ہوئی البتہ اللہ تعالیٰ کا نام محفوظ تھا۔ اس طرح یہ ظالمانہ محاصرہ ختم ہو گیا اور بنو ہاشم محاصرے سے باہر آ گئے۔
- طلبہ کو بتائیں ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ نے ہر مشکل اور مصیبت میں ثابت قدمی اور صبر کا مظاہرہ کیا۔
- انھیں تاکید کریں کہ ہمیں بھی چاہیے کہ کسی بھی حالت میں صبر و استقامت کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| اطلاع | اط۔ طِ۔ لاع | خبر دینا |
| محصور | مح۔ صور | گھیرا ہوا |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھائے گئے تصوّر کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

مشق جزو (۲) کا سوال (۱) طلبہ سے پوچھیں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

ہمیں مشکل وقت میں کیا طرزِ عمل اختیار کرنا چاہیے؟ اسوۂ نبوی خاتم النبیین ﷺ کی روشنی میں آپس میں بات چیت کریں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

**سوال 1: دُرُست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔**

۱ حضرت ابوطالب سردار تھے:

الف بنو ہاشم کے
ب بنو اسعد کے
ج بنو تمیم کے
د بنو عدنان کے

۲ شعبِ ابی طالب مِلکیّت تھی:

الف بنو ہاشم کی
ب بنو عدی کی
ج بنو اُمّیہ کی
د بنو مخزوم کی

۳ قریش کے لوگ اکٹھے ہُوئے:

الف وادیِ مُحصّب میں
ب وادیِ طائف میں
ج وادیِ حُنین میں
د وادیِ عرفہ میں

۴ کُفّارِ مکّہ نے معاہدے کو لٹکا دیا:

الف مسجدِ نمرہ کی دیوار پر
ب مسجدِ قبا کی دیوار پر
ج خانہ کعبہ کی دیوار پر
د مَسجدِ نبوی کی دیوار پر

۵ شعبِ ابی طالب کا محاصرہ جاری رہا:

الف دو سال
ب تین سال
ج چار سال
د پانچ سال

**سوال 2: شعبِ ابی طالب میں محصور لوگوں کو کن مشکلات کا سامنا کرنا پڑا؟**